NYC Public Schools PS+YOU
From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

متحدہ کھیلوں کی طاقت

عزیزی نیویارک کے مکین،

کھیلوں کی ٹیم میں کھیلنے کا موقع ملنا مکمل اسکول کے تجربے کا ایک انتہائی اہم حصہ ہے۔ یہ ایک تقویتی سرگرمی ہے جس سے نئی دوستیوں، ٹیم ورک کو فروغ دینے کی صلاحیتوں میں مضبوطی آتی ہے، اور قائدین کی نشونما ہوتی ہے۔ ایک ٹیم میں کھیلنا اسکول کو تمام طلبا کے لیے مزید مثبت، مشمولاتی جگہ بناتا ہے۔

میں بذاتِ خود اس خوشی اور اعتماد کے بارے میں جانتا ہوں جو کھیل کھیلنے سے حاصل ہوتی ہے۔ باسکٹ بال، بیس بال، فٹ بال، اور ٹینس کوئینز میں میری پرورش پانے والی زندگی کا ایک بہت بڑا حصہ ہیں۔ میں ان دوپہروں اور ہفتہ اتوار کا انتظار کرتا تھا جب میرے بھائی اور محلے کے بچے باہر جاکر ہُوپس میں بال پھینکا کرتے تھے اور میرے بلاک میں ٹُو ہینڈ ٹچ فُٹ بال کھیلا کرتے تھے۔ کھیلوں کو کھیلنے نے مجھے زندگی میں گراں قدر صلاحیتیں عطا کیں—اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے تمام طلبا ان مواقعوں کے حقدار ہیں۔ بدقسمتی سے، ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا ہے؛ معذوری کے حامل کئی طلبا کو روائتی طور پر اسکول کے کھیلوں سے دور رکھا گیا۔ ابھی تک! اس ہفتے کے شروع میں، مئیر Adams اور مجھے یہ اعلان کرنے میں انتہائی خوشی ہو رہی ہے کہ 1,700 سے زیادہ معذوری کے حامل طلبا اب خاص اولمپکس کے ٹریک اور فیلڈ، والی بال، اور باسکٹ بال میں اپنے اسکول دن کے دوران حصہ لے سکتے ہیں۔ ایک بعد از اسکول متحدہ باسکٹ بال لیگ مزید 200 ہائی اسکول کے معذوری کے حامل یا بغیر معذوری کے طلبا کے لیے کھلی ہے، جب کے 300 مڈل اسکول کے معذوری کے حامل یا بغیر معذوری کے طلبا ایک متحدہ بوحشی (bocce) لیگ میں شامل ہو سکتے ہیں۔

میں خصوصی طور پر ہمارے شریک، اسپیشل اولمپکس نیو یارک کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اساتذہ اور کوچز کو تربیت دینے، اور کھیلوں کا ساز و سامان، ٹیم یونیفارمز کے لیے $50,000 کی سرمایہ کاری کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ اس شراکت داری سے، ہم اب ضلع 75

کے تمام اسکولوں کی خاص اولمپکس کھیلوں تک رسائی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ یہ ہمارے طلبا کے لیے ایک (بڑا تبدیلی لانے والا) گیم چینجر (مزاحاً!) ہوگا۔

یہ تاریخی توسیع طلبا، خاندانوں، اور اساتذہ کو یہ بتاتی ہے کہ، ہم آپ کو دیکھ رہے ہیں—ہم سے جو ہو سکتا ہے کلاس روم کے اندر اور باہر ہر طریقے سے آپ کا استقبال، قدر اور معاونت کرتے ہیں۔ مجھے ہمارے قائدین کے اختراع کرنے اور مواقعوں کے دروازے کھولنے پر فخر ہے، اور میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے نئے آغازِ کار ہمیں شمولیت اور صحت مند تقویتی سرگرمیوں کا ایک نمونہ بنائیں گے۔ اور سب سے اہم، مجھے انتہائی خوشی ہے کہ یہ ہر طالب علم کو اُن صلاحیتوں کو فروغ دینے کا موقع دیتا ہے جنکی انہیں اسکول میں اور زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

نیو یارک شہر اسکول سروے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی گئی ہے

اگر آپ نے ابھی تک اس سال کا نیو یارک شہر اسکول سروے مکمل نہیں کیا ہے، ہمارے پاس چند اچھی خبریں ہے۔ آخری تاریخ میں **20 اپریل** تک توسیع کر دی گئی ہے! والدین کی جانب سے معیاری تبصرات اسکولوں کو اگلے تعلیمی سال کے لیے تیار ہونے میں مدد کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ برائے مہربانی اس سروے کو پُر کرنے کے لیے کچھ وقت نکالیں NYCSchoolSurvey.org

ہماری ہفتہ وار وڈیو برائے خلاصہ

اور یہاں میئر Eric Adams کا ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے جدید معلومات براہِ راست موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: ”CC“ آئی کان پر کلک کریں۔ ”Setting“ ئی کان پر کلک کریں اور ”Subtitles/CC“منتخب کریں۔ ”Auto-translate“ منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔